© rasailojaraid.com



ساغر اقبالی

# زبان میری ہے بات اُن کی

☆ہم بچوں کو قرآن کے چالیس پارے پڑھائیں گے۔(جاوید اشرف قاضی کی ٹی وی گفتگو)
وزیرِ تعلیم کو جہالت کا نوبل پرائز ملنا چاہیے۔ وہ غلطی سے اپنے دو والد کیوں نہیں کہہ دیتے۔(حافظ حسین احمد)

☆پرویز مشرف کو دس مرتبہ باوردی صدر منتخب کریں گے۔(پرویز الٰہی)
پرویز مشرف باوردی نہیں ''بارودی'' صدر ہیں۔(حافظ حسین احمد)

☆علماء حقوق نسواں سے کھیل رہے ہیں۔(ناصرہ اقبال)
کاش علامہ اقبال زندہ ہوتے!

☆جسم کی نمائش آرٹ کی ایک قسم ہے۔(سحر محمود)
تو چونکہ چنانچہ کی پہچان ہے
گنہگار راتوں کا دیوان ہے

☆اقبال خاکوانی نے صدر پرویز کا بوسہ لیا اور اطہر شاہ (صدر ڈسٹرکٹ بار ملتان) نے شاہ محمود قریشی کا بوسہ لیا۔(ایک خبر)
یہ ہے خایہ بوسی کا صحیح طریقہ!

☆مسلم لیگ ''ق'' میں سب مردہ گھوڑے ہیں۔(خالد حنیف لودھی، رہنما پیپلز پارٹی ملتان)
خالد حنیف لودھی کی بہن مسلم لیگ ''ق'' میں شامل ہوگئیں۔(ایک خبر)

☆ہم عراق جنگ کے باعث الیکشن ہارے۔ امریکہ کو وحشی دشمنوں کا سامنا ہے۔(بش)
پریشاں کرنے والوں کو پریشاں ہم نے دیکھا ہے۔

☆شاویز دوبارہ وینز ویلا کے صدر منتخب، کامیابی شیطان بش کی شکست ہے۔(شاویز)
شاباش، شاویز!

☆مولانا فضل الرحمٰن سمجھدار سیاست دان اور ہمارے آدمی ہیں۔(شیخ رشید)
کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی!

☆پاکستان اسلامی احکامات کے نفاذ کے لیے نہیں بنایا گیا تھا۔(جاوید اشرف قاضی)
تو امریکی احکامات کے نفاذ کے لیے بنایا گیا تھا؟

☆مسرت شاہین نے مولانا فضل الرحمٰن کے مقابلے میں الیکشن لڑنے کا اعلان کر دیا۔(ایک خبر)
وَئی وَئی ڈغ ڈغ ڈان
کتھا، چونا، چھالیہ، قوام



© rasailojaraid.com